فہرست

مقدمہ

اس کتاب کے مصنف سعادت یار خان رنگین سید انشا کے گہرے دوست اور دہلی کے مشہور شاعروں میں ہیں۔ دیباچہ کتاب میں لکھتے ہیں کہ ۱۷۔ رجب ۱۲۱۵ھ کو لکھنؤ میں چند اعزا اور احباب خاص کے مجمع میں اپنی اور مختلف شاعروں کی گزشتہ صحبتوں کا ذکر کر رہا تھا اور بیان کر رہا تھا کہ فلاں شہر میں فلاں شخص سے یہ گفتگو ہوئی اور فلاں سے یہ۔ میرے دوست مرزا نسیم بیگ جوان نے فرمایا کہ اگر اس تقریر کو ایک رسالہ کی شکل میں لکھ ڈالو تو ایک یادگار باقی رہ جائے گی۔ میر انشاء اللہ خاں نے بھی ان کی تاکید کی اور تمام اہل صحبت بھی مصر ہوئے آخر میں نے ان کی خاطر سے چند مجلسیں لکھیں۔

اس کتاب کا نام سید انشاء اللہ خاں کا تجویز کیا ہوا ہے۔ اور حق یہ ہے کہ مصنف کے نام اور کتاب کے موضوع کے اعتبار سے اس سے بہتر نام ملنا مشکل تھا۔

"مجالس رنگین" نہایت دلچسپ اور پُر از معلومات کتاب ہے۔ اس میں بہت سے ان شاعروں کا حال ملجاتا ہے جن کے بیان سے اکثر تذکرے خالی ہیں اور چونکہ رنگین کے تمام بیانات چشم دید ہیں لہذا مستند بھی ہیں جتنے آدمیوں کا ذکر آیا ہے ان کی فہرست مجلسوں کے حوالوں کے ساتھ کتاب کے آخر میں درج ہے

اس کتاب سے رنگین کے زمانہ کے مذاقِ شعر۔ اُس دور کے لوگوں کی طبیعت۔ اور اس عہد کی معاشرت کے بعض پہلوؤں پر بھی روشنی پڑتی ہے۔

خود رنگین کے بارے میں بھی اس کتاب سے بہت سی باتیں معلوم ہوتی ہیں یہ باتیں کتاب بھر میں بکھری ہوئی ہیں۔ ان کو یکجا کرنے سے ذیل کے نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

سعادت یار خاں رنگین کے والد محکم الدولہ طہماسپ بیگ خان بہادر اعتقاد جنگ ایک معزز امیر تھے۔ ان کی جاگیر بہت بڑی تھی۔ بادل کا پرگنہ چوراسی گاؤں کے ساتھ ان کی جاگیر میں شامل تھا۔ سنہ ۱۲۰۳ھ میں شاہ عالم بادشاہ دہلی نے ان کو اپنا ایلچی بنا کر تیمور شاہ والی کابل کے پاس بھیجا تھا۔ اس واقعے کی تفصیل آگے درج کی جائے گی۔ رنگین خود بھی معزز آدمی تھے۔ بڑے بڑے نوابوں اور منصب داروں سے بے تکلف دوستی اور برادرانہ تعلقات تھے۔ نواب نجف قلی خاں نے جب نواب مرزا جعفر کو کانوڈ سے دہلی بھیجا تو رنگین کو بھی دو سو سواروں کے ساتھ ان کے ہمراہ کر دیا۔ جب یہ لوگ ریواڑی کے شہر میں پہونچے تو وہاں کے راجہ مترسین نے ان کی بڑی پر تکلف دعوت کی۔ لشکر نارنول میں رنگین نواب اسمٰعیل خاں بہادر کے ساتھ تھے۔ نواب غلام قادر خاں فرخ رنگین کے دستار بدل بھائی تھے اور انھیں کی صحبت میں رنگین کو شعر گوئی اور شعر خوانی کا شوق پیدا ہوا تھا۔

رنگین شاہ حاتم کے شاگرد تھے۔ بچپن سے بے جھجک اور بیباک تھے اور بقول خود ان کے مزاج میں چالاکی زیادہ تھی اور شعور کم۔ چنانچہ ایک دن شاہ حاتم نے اپنے شاگردوں اور ارادت مندوں کے مجمع میں اپنا یہ مطلع پڑھا ؂

رات ہم ہجر کی دولت سے مزا لوٹا ہے
سر کو پٹکا ہے کبھو سینہ کبھو کوٹا ہے

رنگین نے سنتے ہی کہا کہ اگر یوں ہوتا تو بہتر تھا ؂

ہم نے شب ہجر کی دولت سے مزا لوٹا ہے
سر کو پٹکا ہے کبھو سینہ کبھو کوٹا ہے

لوگوں کو رنگین کی یہ گستاخی بری معلوم ہوئی۔ لیکن شاہ صاحب نے بڑی تعریف کی اور کہا کہ میں اپنے دیوان میں اس مطلع کو یونہیں لکھوں گا۔ اس واقعے سے ضمناً یہ نتیجہ بھی نکلتا ہے کہ اس زمانہ میں لوگ علامت فاعل (نے) کے حذف کو خلاف فصاحت سمجھنے لگے تھے۔ اس خیال کی تائید اس بات سے بھی ہوتی ہے کہ رنگین نے میر سوز کے اس مصرع پر بھی ع

"میں کہا دل میں درد ہے میرے"

یہ اعتراض کیا تھا کہ "میں کہا" غیر فصیح ہے۔

رنگین کوئی عالم و فاضل شخص نہیں تھے اور اُن کو علمیت کا دعویٰ بھی نہ تھا چنانچہ خود کہتے ہیں۔

"اگرچہ گمان ہیچ کمالے ندار واما از فیض صحبت بزرگاں فی الجملہ از شعر و شاعری بہرہ برداشتہ"

مرزا نعیم بیگ جوان نے جب یہ کتاب لکھنے کی فرمائش کی تو رنگین نے انکو یہ جواب دیا۔

"علم اصلا ندارم اگر نوشتم چہ تکلف پیدا خواہد کرد۔ نظم من حیثیت کہ نثر خواہد بود"

اُس زمانہ کا ہر شریف آدمی تھوڑی بہت فارسی ضرور پڑھتا تھا چنانچہ رنگین بھی فارسی جانتے تھے۔ فارسی میں شعر بھی کہتے تھے۔ مگر فارسی نثر اچھی نہیں لکھتے تھے اور ان کو خود بھی اس بات کا احساس تھا۔ ان کی نثر میں کوئی حسن یا ادبیت تو خیر ہے ہی نہیں اس میں فارسیت کی روح بھی مفقود ہے۔ ان کا انداز بیان اور پرواز خیال دونوں بالکل ہندی ہیں۔ وہ سوچتے اُردو میں ہیں اور لکھتے فارسی میں ہیں۔ اسی لیے گو الفاظ سب فارسی ہیں مگر جملوں کی ساخت اُردو ہے۔ اس کتاب کے پڑھنے والوں کو اسے اُسی نظر سے پڑھنا چاہیے جس نظر سے یہ لکھی گئی ہے یعنی "مطلب از عبارت نیست مدعا از مدعاست"۔

"مجالس رنگیں" یقیناً نثر کی پہلی کتاب ہے جو رنگین کے قلم سے نکلی اور اُن کی تصنیفات کی طویل فہرست پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہی نثر کی آخری کتاب بھی ہے۔ ان کی کسی دوسری نثر تصنیف کا پتہ اب تک نہیں چلا۔ ان کی فارسی نظم بھی سیدھی سادھی ہوتی ہے۔ چند غزلیں اس کتاب میں جا بجا درج ہیں۔ اُن سے ان کی فارسی شاعری کا انداز معلوم ہو سکتا ہے۔

رنگین نے اپنا تخلص اپنی طبیعت کے مناسب رکھا تھا وہ ایک رنگین مزاج شخص زندہ دل۔ یار باش۔ آزاد طبع۔ حسن پرست اور عاشق مزاج آدمی تھے۔ (دیکھو

مجلس ۱۶ و ۴۰ و ۵۰) مگر اسی کے ساتھ خود دار بھی تھے اور اپنے خاص احباب یا نہایت خاص لوگوں کے سوا ہر شخص کے یہاں جانا آنا پسند نہیں کرتے تھے۔

(دیکھو مجلس سی و یکم)

نواب غلام قادر خاں فرخ رنگین کے بڑے گہرے دوست تھے۔ لڑکپن میں ان دونوں نے اپنی اپنی پگڑیاں بدلی تھیں۔ یہ اردو کے اچھے شاعر تھے۔ انھیں کی صحبت میں رنگین کو شعر خوانی اور شعر گوئی کا شوق پیدا ہوا تھا۔ رنگین شاہ حاتم سے اصلاح لیتے تھے اور شاہ صاحب کی رائے ابتدا ہی میں یہ تھی کہ کچھ مشق کے بعد یہ بہت ترقی کریں گے۔ رنگین نہایت زود گو تھے اور اسی زود گوئی کی بدولت بہت سی کتابیں تصنیف کر ڈالیں۔ مگر ان کے کلام میں حقیقی شاعری بہت کم ہے زیادہ تر ان کی توجہ محاورات کی درستی، عبارت کی چستی اور الفاظ کی نشست وغیرہ کی طرف رہتی تھی۔ ایک غزل اس شرط کے ساتھ کہی کہ حروف تہجی میں سے ترتیب وار ایک ایک حرف سے دو دو لفظ شروع ہوں۔ قافیہ اور ردیف کو اس شرط سے مستثنیٰ کر دیا تھا۔ یہ غزل مجلس بست و دوم میں درج ہے۔ باوجود انتہائی زود گوئی کے اس غزل کی تصنیف میں تین مہینے فکر کرنا پڑی۔ لیکن سچ پوچھیے تو ان کی یہ محنت "کوہ کندن و کاہ برآوردن" کا مصداق ہے۔ شاعری سے تو اس کو کوئی علاقہ نہیں البتہ الفاظ کے استعمال پر قدرت حاصل کرنے کی ایک اچھی مشق ہے۔

اختلاف مذاق ہر زمانہ میں رہا ہے اور ہمیشہ رہیگا۔ رنگین کے زمانہ میں بھی کوئی

صاف شعر پسند کرتا تھا کوئی دقیق - خود رنگین کا خیال یہ تھا کہ صاف شعر اچھا ہوتا ہے
اس لیے کہ وہ عام فہم اور خاص پسند ہوتا ہے - اس کے علاوہ صاف شعر میں محاورے
اور اصطلاح کی غلطی اور کلام کی مہملیت چھپ نہیں سکتی - اور اسکی اچھائی برائی
جلد معلوم ہو جاتی ہے - اس کے خلاف دقیق شعر میں اگر کوئی قباحت بھی ہوتی ہے تو عام لوگ
اپنے فہم کا قصور سمجھکر خاموش ہو رہتے ہیں اور خاص لوگ بھی شبہے میں پڑ جاتے ہیں -
اسی لیے صاف شعر کہنا دقیق شعر کہنے سے زیادہ مشکل ہے -

رنگین توارد اور سرقے کی بحث کو فضول سمجھتے تھے - اُن کا خیال یہ تھا
کہ مضمون کو جو شخص خوبی کے ساتھ باندھ دے وہی اسکا مالک ہے - یعنی وہ مضمونِ
شعر کو انداز بیان کے مقابلہ میں کوئی اہمیت نہیں دیتے تھے -

رنگین کو میر حسن کی مثنوی اسقدر پسند تھی کہ وہ پسندیدگی کو لفظ عشق سے ظاہر کرتے
ہیں - انھوں نے اس مثنوی کو نہایت تحقیق و تصحیح کے بعد اپنے ہاتھ سے نقل کیا تھا -
پھر بھی چند مقامات پر کچھ شبہے رہ گئے تھے جن کو اُنھوں نے فیض آباد میں مصنف کے
بیٹے میر خلیق سے پوچھکر دور کرنا چاہا تھا - جن شعروں میں رنگین کو شبہہ تھا وہ یہ ہیں :-

معرق جو اہر سے اک جفت کفش	نہ وہ مفت پایا بلکہ پا مفت کفش
کہا اس نے اس سے کہ سچ مچ ہے یہ	دیا چھیڑنے کو مرے کچھ ہے یہ
کھڑے ارنے ہوتے تھے سر جوڑ جوڑ	کہ جی کون دیتا ہے بد بد کے ہوڑ
تجھے نقل کرتے نہیں لگتی بار	نہو تجھ سے مایوس امیدوار

ان میں سے پہلے شعر کے معنی رنگین کی سمجھ میں نہیں آئے تھے اور باقی شعروں کے قافیے مشتبہ معلوم ہوتے تھے۔

میر سوز کی شاعری رنگین کو پسند نہ تھی۔ مگر اُن کی بزرگی کا لحاظ کرتے تھے۔ رنگین نے بہت سے شاعروں کا ذکر کیا ہے لیکن صرف میر کو "حضرت میر تقی صاحب" لکھا ہے۔ اس عزت سے کسی دوسرے شاعر کا نام نہیں لیا ہے۔ مگر اعتراض سے اُن کو بھی نہ چھوڑا۔ اُن کو میر کے کلام پر خاص اعتراض یہ تھا کہ وہ لفظوں کو تنگی سے نظم کرتے ہیں مثلاً سے

سارے رند اوباش جہاں کے تجھ سے سجود میں رہتے ہیں
بانکے ترچھے ٹیڑھے تیکھے سب نے تجھ کو امام کیا
کیسا کعبہ کس کا قبلہ کون حرم کیسا احرام
کوچے کے تیرے باشندوں نے سب کو یہیں سے سلام کیا

رنگین سید انشا کو باکمال اُستاد سمجھتے تھے اور اُن کی شاعری سخن فہمی اور انتخاب الفاظ کے قائل تھے (دیکھو مجلس بست و چہارم)

رنگین کو بدیہہ گوئی میں کمال حاصل تھا اور ان کے ہمعصر بھی ان کے اس کمال کے معترف تھے۔ یہاں اُن کی بدیہہ گوئی کی مثالیں پیش کرنا ضروری نہیں معلوم ہوتا کتاب کا ہر ورق اُن کے اس وصف پر شاہد ہے۔

عیوب کلام پر رنگین کی نظر فوراً پڑتی تھی۔ کسی کے کلام پر اعتراض کر دینا کوئی

بڑا مشکل کام نہیں ہے۔ مگر رنگین میں کمال یہ تھا کہ ادھر اعتراض کیا اور اُدھر اصلاح دیکر شعر کو درست کر دیا یا اُس سے بہتر شعر فوراً کہدیا۔ وہ اعتراض کرنے میں بڑے بیباک تھے لیکن بزرگوں کے کلام پر اعتراض کرنا خلاف ادب سمجھتے تھے۔ پھر بھی اگر ضرورت پڑ جاتی تھی تو اعتراض کرنے سے باز نہ رہتے تھے۔ اپنے ہمعصروں کے علاوہ شاہ حاتم میر سوز۔ مرزا سودا۔ میر تقی میر کے کلام پر بھی جا بجا اعتراض کیے ہیں۔ ایک مرتبہ سبحان قلی بیگ راغب کے اصرار سے رنگین نے میاں نصیر کے ایک مطلع میں ایک لفظ بدل دیا۔ اس کی خبر میاں نصیر کو پہونچی تو وہ رنگین سے آزردہ ہوگئے اور بڑی مشکل سے ایک مدت کے بعد صفائی ہوئی (دیکھو مجلس یازدہم)

رنگین ریختی کے موجد تھے۔ بعض لوگوں نے عادل شاہی دور کے ایک قدیم دکنی شاعر ہاشمی بیجاپوری کو ریختی گو کہا ہے۔ ہاشمی غزل میں ہندی شاعری کے طرز پر عورت کا عشق مرد کے ساتھ دکھاتا تھا۔ لیکن ریختی حقیقت میں ایسی نظم کو کہتے ہیں جسمیں عورتوں کی زبان اور اُن کے مخصوص محاورات استعمال کیے جاہیں۔ اس تعریف پر نظر رکھ کر ہاشمی دکنی کو ریختی گو کہنا مشکل ہے۔ رنگین نے ریختی کا ایک پورا دیوان تصنیف کیا تھا جس میں قصیدے۔ مثنویاں۔ غزلیں۔ رباعیاں۔ قطعے۔ مخمس اور مستزاد بھی تھے۔ اُن کی ریختی کی غزلیں ان کی زندگی ہی میں دور دور تک مشہور ہو گئی تھیں اور خوشی کے جلسوں میں گائی جاتی تھیں۔

ریختی کے علاوہ ہزل کہنے کا بھی ملکہ تھا۔ مگر ہزل میں اکثر فحش بھی شامل کر دیتے تھے

ان کی چند ہزلیں اور چند متفرق ہزلیہ اشعار اس کتاب میں موجود ہیں۔ ان میں جہاں کہیں فحش الفاظ تھے وہ حذف کرکے ان کی جگہ نقطے دیدیے گئے ہیں۔

رنگین کو ہندی شاعری میں کچھ زیادہ دخل تو نہ تھا لیکن کبھی کبھی کبت اور دوہے بھی لکھ لیتے تھے

رنگین کا حافظہ بہت قوی تھا اور ہزاروں شعر یاد تھے۔ ایک مرتبہ اُنھوں نے اپنے شاگردوں کو بہت سے شعر زبانی پڑھکر سنا دیے یہ تمام شعر جو تعداد میں ۹۴ ہوتے ہیں آخری مجلس میں درج ہیں

رنگین منصف مزاج آدمی تھے۔ جہاں وہ دوسروں کے کلام پر بے دھڑک اعتراض کردیتے تھے وہاں اپنے کلام پر اعتراض سُن بھی سکتے تھے۔ صحیح اعتراض کو تسلیم کرلیتے تھے۔ اور اگر کوئی مناسب اصلاح دیتا تو اُسکو مان بھی لیتے تھے۔ اگر کسی کا شعر اُن کے شعر سے اچھا ہوتا تھا تو اسکو تسلیم کرلیتے تھے۔ لیکن صاف گو اتنے تھے کہ اگر اپنے شعر کو کسی کے شعر سے بہتر سمجھتے تھے تو اُس کے منھ پر صاف صاف کہدینے میں تامل نہ کرتے تھے۔

رنگین نے ہندوستان کے اکثر شہروں کی سیر کی تھی۔ جن شہروں کا ذکر اس کتاب میں آیا ہے انکی فہرست کتاب کے آخر میں درج ہے۔ مکہ کے سفر کا بھی ارادہ کیا تھا اور کلکتہ سے جہاز پر سوار ہوئے تھے۔ مگر اُس زمانہ میں بحری سفر میں ہزاروں مصیبتوں کا سامنا ہوتا تھا۔ رنگین کو کھانے پینے کی بھی بہت تکلیف ہوئی اور وہ خارش کے مرض میں مبتلا ہو گئے۔ کلکتہ سے مدراس تک پہونچتے پہونچتے ایسے اپنی زندگی سے بیزار ہوئے کہ یہ مطلع اپنے حسب حال کہا۔

دم آیا ناک میں اس آہ اور زاری کے جینے سے   طبیبو موت ہی بہتر ہے بیماری کے جینے سے

(۹) عزیز طوائف عزیز

اس کتاب میں رنگین کی تین اور تصنیفوں کا ذکر آیا ہے جن کے نام یہ ہیں۔

(۱) مثنوی شہزادہ مہ جبین و رانی سری نگر نازنین۔ یہ اُردو زبان میں ایک عشقیہ مثنوی ہے اس کے چند شعر مجلس دوم میں نقل کیے گئے ہیں۔

(۲) مثنوی سوداگر تاجر اصفہانی۔ یہ مثنوی فارسی زبان میں ہے اور سبحان قلی بیگ راغب کی فرمایش سے تصنیف کی گئی تھی اسکے چند شعر مجلس بست و سوم میں درج ہیں۔

(۳) ایجاد رنگین۔۔ اس میں بہت سی حکایتیں ہیں جو اُردو میں نظم کی گئی ہیں مجالس رنگین میں بعض حکایتوں کی شان نزول متفرق مقامات پر درج ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ تینوں کتابیں مجالس رنگین سے پہلے تصنیف ہو چکی تھیں رنگین بہت سی کتابوں کے مصنف تھے انکی تصنیفات کا اچھا خاصہ ذخیرہ لندن میں انڈیا آفس کے کتبخانہ میں محفوظ ہے۔ فہرست تصانیف مقدمہ کتاب کے بعد لگا دی گئی ہے۔

رنگین کے بارے میں اس کتاب سے جو کچھ معلوم ہو سکتا ہے وہ لکھا جا چکا۔ اب وہ متفرق باتیں لکھی جاتی ہیں جن کا ذکر صرف ضمناً آگیا ہے اس لیے ان کے نظر انداز ہو جانیکا خوف ہے ان باتوں کے ذکر میں کوئی خاص ترتیب ملحوظ نہیں رکھی جا سکتی۔

(۱) ایک دستہ فوج میں بارہ ہزار سوار ہوتے تھے اور ایک کمپو میں سات آٹھ ہزار سپاہی ہوتے تھے۔

جہاز کے ناخدا سے یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ مکہ نہیں بلکہ بصرہ جائیگا۔ جو لوگ حج کے ارادے سے سوار ہوئے تھے انھوں نے بہت خوشامد کی تو اُس نے انکو پھر کلکتہ روانہ کر دیا۔ رنگین کو جہاز کے سفر میں جتنی تکلیف ہوئی تھی وہ ان کے اس جملے سے ظاہر ہوتی ہے :-

"حق تعالیٰ عذاب جہاز بکسے نصیب نہ کناد"

لکھنؤ میں رنگین اور انشا دونوں شاہزادہ مرزا محمد سلیمان شکوہ سلیمان کی سرکار میں ملازم تھے اور دونوں میں بیحد ربط ضبط تھا چنانچہ انشا نے یہ شعر اُسی زمانے کی یاد میں کہا ہے ؎

عجب یہ رنگینیاں ہوتی تھیں تب باتوں میں اے انشا ۔ بہم مل بیٹھتے تھے جب سعادت یار خاں اور ہم

اس کتاب میں جہاں کہیں "مرشد زادہ" "یا مرشد زادہ آفاق" کے الفاظ آئے ہیں وہاں یہی شاہزادہ مرزا سلیمان شکوہ مراد ہیں۔

آخری مجلس میں رنگین نے اپنے دس شاگرد بتائے ہیں اور ان میں سے نو کے نام بھی دیے ہیں جو ذیل میں درج کیے جاتے ہیں۔

(۱) میر سید علی غمگین ۔ (۲) بسنت سنگھ نشاط۔
(۳) آفتاب خاں منیر۔ (۴) محمدی خاں (تخلص نہیں دیا)۔
(۵) راجہ کدار ناتھ نسیم۔ (۶) راجہ شنکر ناتھ صبا۔
(۷) ایک عورت پنہاں تخلص۔ (۸) آدم بیگم بیغم۔

(۲) رنگین کے زمانہ میں امیروں کے یہاں پُرتکلف دعوتوں کے بعد ناچ گانا بھی ضرور ہوتا تھا۔

(۳) اس زمانہ میں نواب آصف الدولہ فرمانروائے اودھ کی شاعری کی شہرت دُور دُور تھی۔ اُن کی غزلیں اتنی مقبول تھیں کہ ارباب نشاط ان سے خوشی کی محفلیں گرم کرتے تھے۔

(۴) میموں یعنے انگریز عورتوں کو اس زمانہ کے لوگ بی بی صاحب کہتے تھے۔

(۵) اس زمانہ میں دستور تھا کہ جب کسی گہرے دوست کو اپنا بھائی بنانا چاہتے تھے تو اپنی پگڑیاں بدل لیتے تھے۔

(۶) اس زمانہ میں شاعری کا بڑا چرچا تھا۔ دہلی کے شاعروں کو خاص اعزاز و امتیاز حاصل تھا۔ لوگ میر اور سودا کی شاعری کے بہت معترف تھے۔ میاں نصیر کی مشاقی کا سکہ بھی دلوں پر بیٹھا ہوا تھا اور بعض لوگوں کا خیال تھا کہ اُردو شاعروں میں تہ دار۔ دقیق اور مشکل شعر کہنے والا میاں نصیر کا سا کوئی اور نہیں ہے۔

(۷) اس زمانہ میں جہاز پر سفر کرنیوالوں کو بڑی تکلیفوں کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ رنگین نے اسوقت کے جہازوں کی شکل صورت۔ لمبائی۔ چوڑائی وغیرہ کا تفصیلی ذکر مجلس پنجاہ و ہفتم میں کیا ہے۔

(۸) تیمور شاہ والیٔ کابل نے ۱۲۰۳ھ میں اسد یار خاں دُرّانی کو اپنا ایلچی بنا کر تحفے تحائف ساتھ کر کے شاہ عالم بادشاہ دہلی کے پاس بھیجا۔ وہ تین مہینے تک دہلی میں مقیم رہے

جب رخصت ہونے لگے تو شاہ عالم نے رنگین کے والد طہماس بیگ خاں کو اپنی طرف سے ایلچی بنا کر اس ملک کے تحفوں کے ساتھ انکے ہمراہ کابل بھیجا۔ بادشاہ نے طہماس بیگ خاں کو ہدایت کر دی تھی کہ وہ مہاراجہ پٹیل بہادر کے پاس ہوتے ہوئے جائیں جو اس زمانہ میں دو لاکھ سواروں کے ساتھ راجپوتانہ کی مہم میں مصروف تھے۔ اس سفر میں رنگین اور انکے تین بھائی محمد یار خاں۔ حق وردی خاں۔ اور خداوردی خاں بھی اپنے والد کے ہمراہ تھے۔ رنگین لکھتے ہیں کہ جب ہم لوگ دہلی سے روانہ ہو کر کوٹا بوندی کے نواح میں پہونچے تو دیکھا کہ تمام ملک مرہٹوں کی تاخت سے بیچراغ ہو گیا ہے اور ہزاروں مرہٹہ سوار قزاقی کر رہے ہیں۔

مجالس رنگین کا جو نسخہ میرے کتبخانہ میں ہے وہ ۱۲۶۸ھ میں "مطبع محمدی" میں چھپا تھا۔ ایک نسخہ محترمی جناب پنڈت منوہر لال صاحب زتشی کے کتبخانہ میں بھی موجود ہے مگر وہ بھی اسی مطبع اور اسی سنہ کا چھپا ہوا ہے۔ لندن میں "انڈیا آفس" کے کتبخانے میں اس کتاب کا ایک قلمی نسخہ خود مصنف کے ہاتھ کا لکھا ہوا موجود ہے جس کی تاریخ تحریر ۵ جمادی الاولیٰ ۱۲۴۹ھ ہے۔ ایک قلمی نسخہ اور بھی ہے مگر اُن تک میری رسائی نہیں۔ بہرحال اسکا کوئی دوسرا ایڈیشن یا کوئی قلمی نسخہ مجھے دستیاب نہیں ہوا۔ اس لیے اسکا مقابلہ نہیں کیا جا سکا۔ لیکن یہ نسخہ بہت صاف خوشخط اور صحیح چھپا ہوا ہے۔ ایسے مقامات جو کسی قدر مشتبہ ہیں دو تین سے زیادہ نہیں ہیں۔ مجلس بست و یکم میں "پادشاہ عالم شاہ" چھپا ہوا تھا۔ موجودہ ایڈیشن میں اس

کھلی ہوئی غلطی کو دور کر دیا اور اُس کی جگہ "شاہ عالم بادشا" لکھدیا ہی بعض اشعار میں سے فحش الفاظ نکالکر انکی جگہ نقطے لگا دیے ہیں اور تہذیب کتابت زمانۂ حال کے مطابق کر دی ہے۔ اس کے علاوہ متن کتاب میں کوئی تغیر نہیں کیا گیا ہے

سید مسعود حسن رضوی۔ ادیب

۱۴ر اگست ۱۹۲۹ء

تصنیفاتِ رنگین

رنگین بہت سی کتابوں کے مصنف تھے۔ انھوں نے اپنی تصنیفات کو کئی مجموعوں میں تقسیم کرکے ہر مجموعے کا ایک نام رکھ دیا تھا۔ مثلاً "مثلث رنگین" "خمسۂ رنگین" "شش جہت رنگین" "سبعہ سیارہ رنگین"، "نورتن رنگین"۔ اُن کی اکثر کتابیں خود اُن کے ہاتھ کی لکھی ہوئی لندن میں "انڈیا آفس" کے کتب خانہ میں موجود ہیں اُنکی فہرست ذیل میں درج کیجاتی ہے

(۱) دیوان ریختہ۔ پہلا دیوان
(۲) دیوان بیختہ۔ دوسرا دیوان
(۳) دیوان آمیختہ۔ ہزلیات
(۴) دیوان انگیختہ۔ ریختی
(۵) مجموعۂ رنگین۔ سات زبانوں میں سے قصائد و غزلیات وغیرہ کا مجموعہ۔
(۶) مجالس رنگین
(۷) امتحان رنگین
(۸) اخبار رنگین۔ چشم دید واقعات نظم ہیں۔
(۹) ایجاد رنگین۔ حکایات منظوم
(۱۰) عجائب و غرائب رنگین
(۱۱) شہر آشوب۔

(۱۲) کہاوتہائے رنگین۔

(۱۳) حکایات رنگین

(۱۴) چہار چمن رنگیں۔ اس کتاب میں چار باب ہیں
اول در معاد۔ دوم در معاش۔ سوم در ظرافت
چہارم در تصوف۔

(۱۵) نظم رنگین۔ سو حکایتوں کا مجموعہ۔

(۱۶) داستان رنگین۔ سرگزشت آغا عزیز
سوداگر گجرات۔

(۱۷) جنگ نامۂ رنگین۔

(۱۸) نصاب رنگین۔

(۱۹) مثنوی فارسی بطرز مثنوی مولانائے روم

(۲۰) تصنیف رنگین

(۲۱) گلدستۂ رنگین۔

(۲۲) سبحۂ رنگین۔

(۲۳) رنگین نامہ۔

(۲۴) ساقی نامۂ رنگین۔

(۲۵) تجربۂ رنگین۔

(۲۶) کلام رنگین۔

(۲۷) فرس نامۂ رنگین۔ جس کا دوسرا
نام "اسپ نامہ" ہے۔

(۲۸) قوت الایمان۔ عقائد اسلام میں۔

(۲۹) قصیدہ قادریہ کا منظوم ترجمہ۔

(۳۰) قصیدۂ "بانت سعاد" کا منظوم
ترجمہ۔

(۳۱) سودا کا ایک قصیدہ رنگین کی اصلاح
وترمیم کے ساتھ۔

ان کتابوں کے علاوہ ایک مجموعۂ انتخابات بھی ہے جس میں رنگین کی کئی
کتابوں کے انتخابات کے علاوہ ایک مثنوی بنارس کی تعریف میں اور مفتوں، نثار
میر اور ذوق کے پانچ مطلعوں کی تضمینیں بھی شامل ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد داور دادار و نعت احمد مختار صلی اللہ علیہ و آلہ الاطہار و اصحابہ الکبار ایں چند نکات خادم الشعرا سعادت یار خاں رنگیں ولد محکم الدولہ طہماس بیگ خاں بہادر اعتقاد جنگ بمعرض تسطیر در آوردہ نارسائی ذہن بر مبصران نقود معانی روشن کرد واگرچہ گمان ہیچ کمالے ندارد اما از فیض صحبت بزرگاں فی الجملہ از شعر و شاعری بہرہ برداشتہ لبقول حضرت سعدیؒ۔ نظم

گلے خوشبوے در حمام روزے	رسید از دست محبوبے بدستم
بدو گفتم کہ مشکی یا عبیری	کہ از بوے دلاویز تو مستم
بگفتا من گلے ناچیز بودم	ولیکن مدتے با گل نشستم
کمال ہمنشیں در من اثر کرد	وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم

روزے از روز ہا در عہد شاہ عالم بہادر پادشاہ عالم غازی ۲۶ سنہ مطابق ہجری دوازدہ صد و پانزدہ بتاریخ ہفدہم رجب در لکھنؤ بندہ و مرزا نعیم بیگ صاحب کہ جوان تخلص میفرمایند و بسیار دوست بندہ اند و برادر صاحب مہربان انشاء اللہ خاں صاحب

که انشا تخلص می فرمایند و برادر خواندهٔ بنده اند و نواب معتمد الدوله صوفی آلہ یار بیگ خاں بہادر شہامت جنگ که برادر کلاں حقیقی بنده اند و مرزا حاجی بیگ صاحب و میر گدائی صاحب وغیره باہم نشستہ بودیم بنده ذکر صحبتہاے گذشتہ که با شعرا اتفاق افتاده بود بفصاحت کلامی بیان می نمود که در فلاں مکان چنیں اتفاق شده و در فلاں شہر ایں واردات گذشتہ بود مرزا نعیم بیگ صاحب از راه مہربانی فرمودند که اگر ایں تقریر را مع نظم و نثر بر چند اوراق بر نگارند یادگارے باند چرا که بفضل الٰہی نقادی فکر ایشاں آں مرتبہ رسیده که در کلام اکثر دخل معقول را سزاوار شدند و قدرت بدیہہ گوئی زیاده از حد پیدا کرده اند گفتم مرزا صاحب علم اصلا ندارم اگر نوشتم چہ بتکلف پیدا خواہد کرد نظم من چلیست که نثر خواہد بود بقول فردوسی طوسی ؎

تو کارِ زمیں رانکو ساختی | کہ با آسماں نیز پرداختی

فرمودند که در نظم خود نامے پیدا کرده اند نثر ہم بنویسند مطلب از عبارت نیست مدعا از مدعا ست بقول سعدی۔

حاجتِ مشاطہ نیست روی دلارام را | وصف ترا گر کنند ورنہ کنند اہل فضل

گفتم شوق شعر البتہ دارم لیکن مزاج بطرف باریکی مائل افتاده انچہ که خود نظم کرده ام ہر گاه بچشم باریکی و نگاه عداوت غور مینمایم بیشترے معنی لوچ معلوم میشود و صدہا قباحت دست بستہ حاضر می گردند کاش ایں قدر سعی و نگاه عداوت صرف کلام خود سازم بقول شخصے که گفتہ۔

عیوب این وآں چوں وزروشن بود بر بینش ۔ چو دیدم عیب خود بینی ببستم چشم و شب کردم

میرانشاء اللہ خاں فرمودند کہ ضرور باید نوشت و نام این نسخہ مجالس رنگین باید نوشت

ہر گاہ ہر یک مجوز ایں امر گردید ناچار بپاس خاطر آنہا چند مجلس از نظم و نثر بہ نوک

قلم در آوردہ نام این نسخہ مجالس رنگین نہادم توقع کہ پسند رائے راست پسنداں گردد

مجلس اوّل (در شاہ جہان آباد)

از پنجاہ سال معمول حضرت شاہ حاتم شاہ بود کہ ہمیشہ چہار گھڑی روز باقی ماندہ

در تکیۂ شاہ تسلیم شاہ کہ پائیں قلعہ مبارک ست تا شام نشستہ میماندند اکثر شاگردان

و مردم دیگر کہ در خدمت اوشان بندگی داشتند آں وقت آنجا رفتہ حاضر میشدند

چنانچہ بندہ ہم شاگرد اوشاں بود روزے در ایام نو مشقی ہماں تکیہ در خدمت

شاہ صاحب موصوف بندہ و محمد اماں خاں نثار و لالہ مکند رائے فارغ و مردے

اکبر علی اکبر وغیرہ چند شاگردان دیگر حاضر بودیم حضرت شاہ صاحب فرمودند

کہ شب مطلعے گفتہ ام۔

رات ہم ہجر کی دولت سے مزا لوٹا ہے ۔ سر کو پٹکا ہے کبھو سینہ کبھو کوٹا ہے

چونکہ در مزاج چالاکی بسیار بود و شعور کم بے تکلف از راہ نادانی گستاخانہ عرض

کردم کہ اگر مصرعہ ثانی این قسم ارشاد شود بہتر ست ۔ ؎

ہم نے شب ہجر کی دولت سے مزا لوٹا ہے ۔ سر کو پٹکا ہے کبھو سینہ کبھو کوٹا ہے

بمجرد شنیدن ایں دست بندہ را قریب خود کشیدہ دست بر سر گردانیدہ فرمودند کہ
آفریں صد آفریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بعد چندے مشق ایشاں بسیار ترقی خواہد کرد
ایں مثل از زبان ارشاد فرمودند۔

"ہون ہار بروے کے چکنے چکنے پات"

شخصے از حاضرانِ مجلس اظہار کرد کہ ایں قدر گستاخی لازم نبود فرمودند کہ واللہ
در دیوان ہمیں قسم خواہم نوشت وایں قطعہ بر زبان آوردند۔

من وآں سادہ دل کہ عیب مرا	ہمچو آئینہ روبرو گوید
نہ چو شانہ بصد زبان و دورو	پس سر رفتہ مو بمو گوید

مجلس دوم

درایامے بہ شاہجہان آباد روزے مثنوی شاہزادہ مہ جبین و رانی سری نگر
نازنین کہ تصنیف بندہ ہست روبروے برادر صاحب مہربان مرزا سبحان قلی بیگ
راغب میخواندم بجائے رسیدم کہ مہ جبیں تصویر رانی را دیدہ بیہوش شدہ بود۔

دیکھنے سے ہوا جو عشق کا جوش	گر پڑا ہو کے مہ جبیں بیہوش
سن کے یہ دوڑے سب صغیر و کبیر	غش کی کرنے لگا ہر اک تدبیر
کوئی بولا کہ کیوڑا لاؤ	کوئی بولا گلاب منگواؤ
گھس کے صندل کوئی سنگھانے لگا	بید مشک آ کوئی پلانے لگا

اوشاں فرمودند کہ در شعر آخر غلطی محاورہ است یعنی صندل را می چسپانند کہ می پاشند پس ایں را ایں قسم باید نوشت ؂

گھس کے صندل کوئی لگانے لگا　　بید مشک آ کوئی پلانے لگا

گفتم راست فرمودند لیکن بر در دسر محاورہ چسپانیدن بر زبان می آرند و در غش لبوپانیدن استعمال می نمایند ایں را شنیدہ فرمودند کہ از حق نباید گذشت راست تقریر نمودند

مجلس سوم

در شاہجہان آباد برادر صاحب مرزا سبحان قلی بیگ را آغب و برادر صاحب سید انشاء اللہ خاں و بندہ بہ حسب اتفاق برائے سیر دریا بر گھاٹ نگمود رفتہ بودیم دریا را در کمال طغیانی دیدہ مرزا سبحان قلی بیگ بدیہہ ایں مصرع فرمودند۔

عشق کے دریا کا عجب پاٹ ہے

بہ مجرد خواندن اوشاں فی الفور مصرع ثانی بہم رسانیدہ گفتم کہ مطلع حق من است ؂

عشق کے دریا کا عجب پاٹ ہے　　تاہ ملے کس کو کڈھب گھاٹ ہے

ایں شنیدہ ہر دو صاحبان تحسین و آفریں کردند۔

مجلس چہارم

بہ شاہجہان آباد در مجلس شادی شخصے ابندہ و برادر مرزا سبحان قلی بیگ و دیگر

مردم بسیار نشستہ بودیم ذکرِ رباعیات فارسی بود ہر یکی رباعی خوب از ہر یک اُستاد میخواندند مرزا موصوف فرمودند کہ اُستادِ من یعنی مرزا باقر مرحوم بہادر جنگ خود نوشتہ اند کہ بہتر ازیں رباعی ممکن نیست۔

مجنوں بہوائے روئے لیلے در دشت | در دشت بجست وجوئے لیلے می گشت
می گشت ہمیشہ بر زبانش لیلی | لیلی می گفت تا زبانش می گشت

گفتم واقعی رباعی بسیار نادرست لیکن دو جا قافیہ می گشت بر یک معنی نشست یافتہ معنی دیگر در عقل نمی آید سبب چیست چوں ہمہ صاحبان غور فرمودند معنی دیگر سوائے گردیدن از می گشت پیدا نشد بندہ گفت کہ یک جا معنی می گشت گردیدن ست و بجائے دوم شاید مراد این ست یعنی تا کہ با قید حیات بود ایں را شنیدہ ہمہ صاحبان پسند فرمودند بعد ازاں بندہ بقدر حوصلہ خود بدیہہ ایں رباعی در زبان ہندی ہماں طرز عرض کردم لیکن در آں مضمون لیلی و مجنوں بود بندہ مضمون شیریں و فرہاد بست

فرہاد کو شیریں جو بہت آتی یاد | یاد اُسکی میں اپنے دل کو رکھتا وہ شاد
شاد اُسکا ہمیشہ ذکر رکھتا اُسکو | اُس کو کر یاد شاد رہتا فرہاد

بعد استماع ایں حاضرانِ مجلس مجوزِ ایں امر گشتند کہ چند رباعی دیگر از مشق سابق باید خواند بپاس خاطر آنہا ایں چند رباعی خواندم۔

رنگین اک وضع پر گذارا نہ ہوا | گذرا جو کچھ وہ پھر دوبارا نہ ہوا
چاہا ہم نے بہت نہ چاہا اُس نے | چاہا اُس کا ہوا ہمارا نہ ہوا

دیگر

رنگیں نیکی سے ہاتھ ہم نے دھویا
اور تخم بدی کو کشتِ دل میں بویا
جو عہد کر آئے تھے وہ ہم سے نہ نبھا
افسوس کہ زندگی کو یوہیں کھویا

دیگر

زاہد کہتا ہے بت پرستی کو چھوڑ
راہب کہتا ہے دل سے مستی کو چھوڑ
رنگیں کہتا ہے تو نہ سن دونوں کی
تجھ سے جو ہو سکے تو ہستی کو چھوڑ

دیگر

رنگین دل کس طرح کسی کو دیجے
اور ہاتھ میں کینہ کہ دل کسی کا لیجے
ہر گز نہیں دنیا میں کسی کا کوئی
کس کے ہو رہیے کس کو اپنا کیجے

دیگر

رنگیں کوشش میں تو نے تقصیر نہ کی
وہ کام نہیں کہ جسکی تدبیر نہ کی
لیکن افسوس ہے کہ ناداں تو نے
کچھ خانۂ آخرت کی تعمیر نہ کی

دیگر

اے موجد عیش و کامرانی پھر آ
اے باعثِ لطف زندگانی پھر آ
میں ہوں بن تیرے چشم خوباں میں ذلیل
پھر آ تو اے مری جوانی پھر آ

مجلس پنجم

در شاہجہان آباد روز بے بخانہ برادر صاحب نواب بہادر بیگ خاں کہ غالب

تخلص میفرمایند وارد شدیم اوشان غزل خود روبروے بندہ خواندند حسن مطلعش ایں بود

ہے نمے کے بند واکر ساغر کو تو پیا کر | عالم شراب کا ہے اور بے حجابیاں ہیں

بندہ را ایں شعر بسیار پسند آمد بدیہہ در جواب ایں مطلع عرض کردم و در مقطع مصرع او

اوشاں تضمین نمودم ؎

کس مست کی نگہ کی یہ بد شرابیاں ہیں | اوندھے پڑے ہیں ساغر ٹوٹی گلابیاں ہیں

بوے چمیٹ کے لے لے رنگیں بقول غالب | عالم شراب کا ہے اور بے حجابیاں ہیں

شخصے از حاضران مجلس گفت کہ مضمون مطلع بعینہ مطلع مرزا رفیع است گفتم کدام است

ایں مطلع خواند۔ ؎

ساقی چمن میں کس کی ہیں یہ بد شرابیاں | ٹوٹی پڑی ہیں غنچوں کی ساری گلابیاں

گفتم سواے قافیہ مضمون دیگر نیست و بر قافیہ حکومت کسے پیش منیرو و سرقہ ایں را

میگویند کہ حضرت مرزا رفیع فرمودہ اند شعر فارسی از کدام اُستاد ایں بود۔ ؎

بہار بے سپر جام یار می گذرد | نسیم ہمچو خدنگ از کنار می گذرد

آں را اوشاں ایں قسم فرمودہ اند۔ ؎

بہار بے سپر جام یار گذرے ہے | نسیم تیر سی چھاتی کے پار گذرے ہے

و شعر دیگر از کدام استاد ایں بود۔ ؎

آلودہ رقطرات عرق دیدہ جبیں را | اختر ز فلک می نگرد روے زمیں را

آں را اوشاں ایں طور فرمودہ اند۔ ؎

آلودہ قطرات عرق دیکھ جبیں کو — اختر پڑے جھانکیں ہیں فلک پر سے زمیں کو

ایں را شنیدہ خجالت کشیدہ عذر ہا خواستند۔

مجلس ششم

درشاہجہاں آباد بھوئے نحاں کہ آشفتہ تخلص میفرمایند و مہربان بندہ اند۔ روزے غزل خود روبروے بندہ میخواندند دو سہ جا دخل گستاخانہ کردم از انجا کہ بسیار منصف اند و تکلف در مزاج ندارند قبول فرمودند حسن مطلع آں غزل ایں بود

پنڈت پوچھو ہاٹ دکھاؤ خال کھلاؤ کوئی پر — بخت جو ہوں برگشتہ اپنے کس کے پھیرے پھرتے ہیں

گفتم در مصرع اوّل لفظ کوئی پر بے مصرف است اگر ایں قسم فرمایند بہتر باشد ؎

پنڈت پوچھو ہاٹ دکھاؤ خال کھلاؤ حاصل کیا — بخت جو ہوں برگشتہ اپنے کس کے پھیرے پھرتے ہیں

ومقطع ایں بود۔ ؎

جوگ تجا آشفتہ ہمنے دیکھ لٹک اُن زلفوں کی — خوار و پریشاں گلیوں گلیوں بال بکھیرے پھرتے ہیں

اظہار کردم کہ از لفظ جوگ تجا شعر بے معنی می شود بسبب اینکہ تجا بمعنی گذاشتن است پس اگر جوگ را گذاشتند از کدام چیز خوار و پریشاں می گردند باید گفت کہ ؎

جوگ سجا آشفتہ ہمنے دیکھ لٹک اُن زلفوں کی — خوار و پریشاں گلیوں گلیوں بال بکھیرے پھرتے ہیں

بسکہ راستی پسند اند و مدام راستی پیشہ او شان است فرمودند کہ مرا عکس ایں معلوم بود گفتم خیر غرض ہر جا کہ دخل کردم بے قیل وقال از راہ منصفی قبول فرمودند۔

مجلس ہفتم

در شاہجہاں آباد بہ محفل پسر حضرت میر سیّد صاحب مرحوم یعنی میر سید علی کہ شاگرد بندہ اند و غمگیں تخلص میفرمایند وارد بودم اوشاں ایں مطلع میاں جرأت را خواندند و بہ بندہ فرمودند کہ چیزے بدیہہ بگویند ۔

گھر جو یاد آیا کسی کا اپنے گھر میں آن کر
چپکے چپکے روتے ہیں منھ پر دوپٹا تان کر

فی الفور ایں مطلع و حسن مطلع عرض کردم و بعد چند روز غزل تمام نمودم ۔

یوں کہوں اُسکو کہ آیا ہو اگر جی میں ٹھان کر
چلیں نے مجھ کو کہیں اپنے خدا کو مان کر

بازگشتی تیر ہے پھر کر یہ تیرا دیکھنا
صدقے تیری اس ادا پر سے مجھے قربان کر

کھوئی غفلت میں جوانی دیکھ پیری میں تو چیت
صبح صادق ہو گئی چلنے کا کچھ سامان کر

سوچ جی میں کرے ہوتے غیر کو گردن نہ مار
قتل کرتا ہے تو کر ظالم و لے پہچان کر

دیکھ مجھ کو دور سے دینے لگا تھا گالیاں
جی میں کیا گذرا تھا کل تیرے ادھر تو دھیان کر

آج آنا ہی نہیں آنا تو نے مجھکو جواب
بھیج کر پیغام جھوٹے روز مت حیران کر

دل بغل سے لیگئی رنگیں وہ دزدیدہ نگاہ
ورنہ دل دیتا ہے کون اپنا کسی کو جان کر

مجلس ہشتم

در شاہجہاں آباد روزے در دیوان خانہ برادر صاحب مسیح الزماں حکیم محمد اشرف خاں کہ حکیم تخلص می فرمایند و بندہ را برادر خواندہ اند حکیم ثناء اللہ خاں فراق و اشخاص چند

گرم اختلاط بودیم خاں صاحب موصوف فرمودند کدام غزل بخوانید بموجب ارشاد

ایں غزل خواندم۔

کبھی تم میرے مقتل پر اگر آتے تو کیا ہوتا
اور اُس جا اشک آنکھوں میں جو بھر لاتے تو کیا ہوتا

کھلائے پان تمنے غیر کو کل اپنے ہاتھوں سے
جو غیرت کھاکے ہم کچھ کھاکے مر جاتے تو کیا ہوتا

اندھیری رات ہے ساون کی چھا جوں مینھ برستا ہے
اکیلا اُسکو ہم اس وقت گر پاتے تو کیا ہوتا

وہ آیا تھا یہاں اے حضرت دل بھول کر شب کو
جو تم اس وقت پہلو سے نہ چلاتے تو کیا ہوتا

وہاں اپنی ہی اپنی پڑ گئی اے ہمدمو جا کر
کوئی مطلب کی میرے بات فرماتے تو کیا ہوتا

نصیحت رات دن ناصح کیا کرتے ہو نا حق تم
اُسے بھی ایک دن تم جا کے سمجھاتے تو کیا ہوتا

دلائیں گالیاں غیروں سے لاکھوں تمنے رنگیں کو
بھلا اُس وقت وہ جی سے گذر جاتے تو کیا ہوتا

چوں ایں غزل را تمام کردہ ایں حسن مطلع غزل دیگر روبروے اوشاں خواندم۔

تیرے گل تکیوں کے خاطر یہی لازم ہے کہ ہو
ایک تو شمس کا اور ایک قمر کا تکیہ

ثناء اللہ خاں صاحب فرمودند کہ بعینہ شعر من ست گفتم ارشاد شود ایں شعر خواندند۔

تیرے گل تکیوں کی خاطر تو اب اے راحت جاں
یہ مناسب ہی کہ ہو شمس و قمر کا تکیہ

عرض کردم کہ بندہ شعر آں قبلہ نشنیدہ بود توارد شدہ است لیکن شعر بندہ خوب است
چونکہ کمال منصف اند فرمودند بجاست۔

مجلس نہم

در شاہجہاں آباد روزے بسنت سنگھ کہ نشاط تخلص می فرمایند و شاگرد بندہ اند

نزد بندہ آمدہ ایں مطلع حضرت میر تقی صاحب خواندند۔

یوں نہ کرنا تھا پائمال ہمیں　　　　خوش نہ آئی یہ تیری چال ہمیں

و اظہار نمودند کہ جواب ایں بندہ ہم غزل گفتہ مطلعش ایں ست۔

گھر سے اپنے نہ تو نکال ہمیں　　　　یوں جو چاہے تو مار ڈال ہمیں

گفتم بسیار خوب مطلع ست دریں اثنا آوم بیگم صاحب کہ بیغم تخلص میتایند و از بندہ اصلاح

میگیرند آمدہ کاغذ بدست بندہ داد دراں ایں غزل برائے اصلاح نوشتہ بودند

ملتا ہی نہیں سراغ دل کا　　　　ہے عرش پر اپنے باغ دل کا

گر عشق میں بیکلی نہ ہووے　　　　سرسبز رہے یہ باغ دل کا

یہاں آتش ہجر سے شب و روز　　　　دہکے ہے پڑا و جاغ دل کا

ہے بادہ غم سے تیرے ظالم　　　　لبریز مرا ایاغ دل کا

ہے منتنات سے تو بیغم　　　　بخشے تجھے حق فراغ دل کا

و بعد غزل نوشتہ بودند کہ امروز انجابنہ ایں مطلع انشاء اللہ خاں را بر یک کتاب نوشتہ دیدہ بودم۔

کیا فائدہ خالی جو ملاقات کی ٹھہرے　　　　تب خوش ہو مرا دل کہ جب اس بات کی ٹھہرے

انجابنہ در جواب ایں مطلع گفتہ است۔

خالی ہی اگر اُس سے ملاقات کی ٹھہرے　　کافر ہو جو پھر چاہے کہ اُس بات کی ٹھہرے

پس لازم کہ اصلاح نمودہ در جواب غزل و مطلع آں صاحب ہم فکر نمودہ بر نگارند بندہ فی الفور بر پشت ہماں کاغذ ایں غزل نوشت ۔

تا حشر رہے یہ داغ دل کا　　یا رب نہ بجھے چراغ دل کا

ہم سے بھی تنک مزاج ہے یہ　　پاتے ہی نہیں دماغ دل کا

اُس رشک چمن کی یاد میں ہے　　شاداب ہمیشہ باغ دل کا

جلنے کی جہاں میں اسکو لذت　　جس شخص کو ہو فراغ دل کا

معلوم نہیں کسی کو رنگیں　　دے کون ہمیں سراغ دل کا

در جواب مطلع ایں قطعہ نوشتم ۔

اک غرفہ نشیں دیکھ کہا دل نے کہ رنگیں　　کیا خوب ہو گر اس سے اشارات کی ٹھہرے

نوبت جو اشارات تلک پہنچی تو وہ یاں　　اُسنے یہ کہا حرف و حکایات کی ٹھہرے

جب حرف و حکایات بہم ہونے لگے خوب　　بولا کہ کسی طرح ملاقات کی ٹھہرے

مدت میں ملاقات میسر جو ہوئی ہے　　اب دل یہی کہتا ہی کہ اُس بات کی ٹھہرے

مجلس دہم

در شاہجہاں آباد روزے بخانۂ میرزا سبحان قلی بیگ رفتم عجب قسم بمجرد رسیدن بندہ فرمودند کہ دیروز شخصے یک نقل روبروے اینجانب کردہ بود تمام شب در فکر نظم آں بودم

اتفاق نشد گفتم نثر آں ارشاد شود نقل کردند کہ یک شخص رند مشرب بسیار مفلس بود
روزے بزِ شخصے را ذبح کردہ خورد یکے از دوستان او گفت کہ شرم از خدا و ترس از
روزجزا نداری فردائے قیامت چہ جواب خواہی داد گفت منکر خواہم شد مالک بز
درانجا شاہد از کجا خواہد آورد کہ مرا دروغ گو خواہد کرد آں شخص گفت کہ مالک بز از تو
درخواست بز خواہد کرد و بز حاضر شدہ از زبان خود اقرار خواہد کرد کہ مرا ذبح کردہ بود
مرد رند گفت ہر گاہ کہ مالک بز دعوی بز خواہد کرد و بز حاضر خواہد بود پس چہ غم ست
گوش بز گرفتہ بدست مالک آں خواہم سپرد و خواہم گفت کہ مال خود بگیرید ہر گاہ ایں
نقل تمام شد گفتم واقعی قابل نظم کردن ست و دوات و قلم و کاغذ حاضر بود در عرصہ
سہ چہار گھڑی ایں قسم نظم کردم۔

شخص تھے ایک رند وضع لیکن تھے مفلس کمال
کھا گئے وہ ایک کی بکری کو کر کے حلال

اُنکے جو رنگیں تھے یار آکے اُنہوں نے کہا
سنتے ہو اے مہرباں تم کو یہ لازم نہ تھا

رندوں کے مشرب میں ہے خوب ہی تم چھا گئے
مال تھا بیگانہ وہ کیوں اُسے تم کھا گئے

خوف قیامت کا کچھ رکھتے نہیں آہ تم
روز جزا سے کہو کیا نہیں آگاہ تم

روز قیامت کو جب ہونے لگیگا حساب
مجھ کو بتاؤ تو کیا دوگے تم اسکا جواب

سُن کے وہ بولا کہ یار میں تو مکر جاؤنگا
اور مکر کر وہیں جھوٹی قسم کھاؤنگا

کوئی بھلا اُسکا وہاں ہوویگا شاہد کہاں
جھوٹا کریگا وہ شخص مجکو بھلا کیونکہ وہاں

اُسنے کہا سُن رکھو بکری ہی وہاں آئیگی
حال کہے گی وہ سب اور تمہیں جھٹلائیگی

پھر وہ کہیگی یہی میں تو نہ تھی تیرا مال | تو نے بھلا کس لئے مجکو کیا تھا حلال
اُسکا جو مالک ہے وہاں وہ بھی کھڑا ہوویگا | مانگے گا تم سے اُسے اور کڑا ہوویگا
بولے جو اس بات میں ہے نہیں کچھ بیش و کم | تو تو پھر اس بات کا کیجیے ہرگز نہ غم
کیونکہ جو مالک کے پاس ہوویگی بکری کھڑی | تو تو مصیبت نہ کچھ مجھ پہ پڑے گی بڑی
بکری کے دونوں جھپٹ کان پکڑ لونگا میں | ہاتھ میں مالک کے بس جلدی سے پھر دونگا میں
اور یہ کہونگا کہ لے حق ترا اپنا سنبھال تجھے | ہاں بس اللہ کو پھر نہ ستانا مجھے

مجلس یازدہم

در شاہجہان آباد بخانہ مرزا سبحان قلی بیگ راغب بندہ و دو سہ شخص دیگر نشستہ بودیم یکے گفت کہ شعر صاف و دیگرے اظہار کرد کہ شعر تلاش وتہ دار و دقیق معنی دار خوب میباشد و بندہ را منصف نمودند گفتم کہ اکثر در تذکرہ ہا دیدہ ام قدما تعریف شعر صاف نوشتہ اند ایں شعر خاقانی و حضرت شیخ سعدی شیرازی کہ مکرر در تذکرہ ہا دیدہ بودم عرض نمودم ۔ ؎

ہمسایہ شنید نالہ ام گفت | خاقانی را دگر شب آمد
سعدی از داغ جگر سینہ مکش | مکشار وزنِ آتشکدہ را

و اظہار نمودم کہ انتہائے شعر اینست کہ صاف باشد چراکہ عام فہم و خاص پسند میشود سوائے ایں در شعر صاف غلطی محاورہ و اصطلاح و بمعنی نہ میگردد سبب اینکہ در فہم

ہر کس معنی شعر بآسانی می آید آنچہ دراں خوبی و قباحت می باشد جلد دریافت میگردد آنجاست کہ شعر صاف گفتن دشوار است و در شعر دقیق کہ قباحت می آید مردم عام قصور فہم خود دانستہ بہ پرسیدن مدعا خاموش میمانند و مردم خاص از شبہہ می دانند کہ بجاے خود استعارہ کردہ خصوصاً در شعر ہندی کہ دقیق باشد بمردم فہمیدہ جلد قباحت دریافت نہ می شود وجہ ایں کہ دریں زبان کار لغات نیست شعر صاف ضرور است حاضران مجلس فرمودند کہ کدام غزل صاف بخوانید تا ازاں معائنہ شود ایں غزل خواندم۔

عشق میں ترے میرا رنگ زعفرانی ہے
ضعف ہی رفیق اپنا یار ناتوانی ہے

کس سے میں کہوں یہ بات دل نہیں ملا ہیہات
اُس گلی میں ساری رات خاک میں نے چھانی ہے

آئیگا وہ یہاں شب کو مجھسے تو کہے ہے جو
نامہ بر قسم کھا تو اُس کی یہ زبانی ہے

دیکھیو یہ قامت ہے یا بلا ہے آفت ہے
قد نہیں قیامت ہے قہر آسمانی ہے

کہہ چکا ہوں میں سو بار یار و مت کرو تکرار
اُسکی ابروِ خمدار تیغ اصفہانی ہے

یوں کہے ہے وہ بیڈھنگ تیغ کو چڑھا کر سنگ
کیجیے تجھے چورنگ اب یہ جی میں ٹھانی ہے

ہمنشیں نہ کر تاخیر جلد کر مری تدبیر
ہے جنوں گریباں گیر عالم جوانی ہے

کب تلک رہوں جیتا اُس بن اے دل صد چاک
زندگی ہی اپنی خاک خاک زندگانی ہے

سُن کے اُسنے رنگیں آہ تیرا قصۂ جانکاہ
ہنس کے یوں کہا اے واہ زور یہ کہانی ہے

مرزا سبحان قلی بیگ فرمودند کہ دریں ایام در شاہجہان آباد بلکہ در دیگر جاہا نیز برابر میاں نصیر

صاحب کسے شعر ہندی تہ دارد دقیق و مشکل نمیگوید گفتم بلے دریں کار یگانہ زمان و بے بدل روزگار اند فرمودند کہ مطلع اوشاں میخواہم چیزے قباحت اگر بتوانند برآرند گفتم مشق اوشاں ایں قسم نیست کہ دراں جاے سخن باشد و سواے ایں در خدمت اوشاں بندگی دارم چوں اوشاں قسم دادہ ایں مطلع خواندند۔

چرائی چادر مہتاب شب میکش نے جیجوں پہ　　کٹورا صبح دوڑانے لگا خورشید گردوں پہ

ناچار شدہ گفتم کہ ایں مطلع بہ از مطلع آفتاب ست لیکن مراد دریں تامل ست کہ چادر مہتاب را میکش بر جیجوں چگونہ دزدید اگر بجاے میکش لفظ بادل میبود البتہ بہتر بود۔

چرائی چادر مہتاب شب بادل نے جیجوں پہ　　کٹورا صبح دوڑانے لگا خورشید گردوں پہ

سبب این ست کہ ہر گاہ ابر بر ماہ می آید البتہ چادر مہتاب نمی ماند گویا دزدیدہ میشود بطور لطیفہ عرض کردم مضمون از عالم بالا و دزد بر زمین یعنی چہ قصہ زمین برسر زمین مضمون عالم بالا را دزد ہم آسمانی بایستے شخصے ایں سخن میاں نصیر صاحب رسانیدہ اوشاں شنیدہ از بندہ آزردہ خاطر شدند بالاے ہزار خرابی در چند مدت تصفیہ نمودم

مجلس ۱۲ دوازدہم

در شاہجہاں آباد سید احمد میر خاں کہ صوبہ دار بودند بر بندہ کمال تفضلات میفرمودند روزے در خلوت اتفاق شعر خوانی بود فرمودند کہ شخصے شعر مرزا جلال اسیر را خواندہ بود مصرع اول از خاطر رفتہ عرض کردم مصرع آخر ارشاد شود فرمودند۔

از قضا ایں قدر نمی آید

بمجرد شنیدن عرض کردم۔

دلبر من ببر نمی آید		از قضا ایں قدر نمی آید

بعد عرض کردن بندہ فرمودند کہ حالا یاد آمد مصرع اوشان ایں بود۔

دلستانم ببر نمی آید		از قضا ایں قدر نمی آید

عرض کردم کہ بجد آنجناب و بہ کلام اللہ قسم ست کہ اگر از کسے شنیدہ باشم یا بجاے نوشتہ از نظر گذشتہ باشد فرمودند کہ اگرچہ مضمون توارد ست لیکن تکلف ایں لفظ کہ دلبر گفتہ اند برائے لفظ ازدلستاں خوب ست آفریں صد آفریں عرض کردم کہ از راہ پرورش ارشاد میشود۔

مجلس سیزدہم

در سہارنپور برفاقت نواب غلام قادر خاں بودم نواب موصوف در عالم طفولیت با بندہ دستار بدل شدہ بودند شعر ہندی خوب میفرمودند تخلص فرخ میفرمودند در ابتدا بندہ را شوق شعر خوانی و شعر گوئی از صحبت اوشاں شدہ بود مرزا عبدالکریم بیگ کہ مردم کاشغر و اتالیق اوشاں بودند روزے ایں مطلع غنی کشمیری را خواندند۔

درون آشیاں از بیضہ تا من سر بر آوردم		ز تیر غمزۂ بیداد خوباں پر بر آوردم

گفتم مرزا صاحب در شعر استاداں دخل بیجا کردن بیجاست لیکن حرف خوب بخاطر گذشتہ فرمودند ارشاد شود گفتم۔

درون آشیاں از بیضہ تا من سر بر آوردم		ز تیر غمزۂ بیداد کیشاں پر بر آوردم

لفظ کیشاں برائے تیر غمزہ پر مناسب ست از انجاکہ مرزائے موصوف بر بندہ مہربانی فرمودند بسیار پسند فرمودند۔

مجلس[۱۴] چہاردہم

در پرگنہ نہ بندہ و محمد خاں صاحب کہ بہار تخلص می فرمایند و پسر عمو صاحب مراد بیگ خاں یک جا باچند کس نشستہ بودیم ذکر بدیہہ گوئی بمیاں آمد شخصے گفت کہ بدیہہ گفتن امر دشوار ست برادر موصوف فرمودند کہ سعادت یار خاں در بدیہہ گوئی دستگاہ خوب دارند آں شخص گفت کہ بارے مصرع ثانی ایں ہم رسانید

ع ۔ راز دل را بکس نباید گفت

شخص مذکور ہنوز تمام نہ کردہ بود کہ جواب دادم۔

راز دل را بکس نباید گفت　　　گر بود ہمنفس نباید گفت

مجلس[۱۵] پانزدہم

در فیروز پور جہر کہ بندہ و مصطفےٰ خاں پسر مراد بیگ خاں و دیگر چند مغل قزلباش باہم نشستہ بودیم یکے از آنہا کہ علی رضا بیگ نام داشت مرد اصفہانی بود شعرہائے اُستاداں بسیار یاد داشت از کنایہ بہ بندہ گفت کہ یک شعر خوب از اُستاد یاد آمدہ است یک مصرعہ آں میخوانم آنجناب ہم شعر میگوئید بارے مصرع ثانی برائے آں بفرمایند

مصرع اولش ایں ست۔

چہ می پرسی ز من حالِ دلِ غمدیدہ‌ات چوں شد

گفتم در فارسی دستگاہ چنداں ندارم مصرعہ بدیہہ میتوانم کہ بہم رسانم لیکن ایں قدر چستی کہ مصرع اُستاد داشتہ باشد معلوم گفت علی اقدر حال خود چیزے ارشاد شود کہ مدعا از امتحان ست گفتم ۔؎

چہ می پرسی ز من حالِ دلِ غمدیدہ‌ات چوں شد
بہ شوقِ فندقِ پایت سرشکِ دیدہ‌ام خوں شد

گفت بارک اللہ بدیہہ خوب ارشاد گردید اگرچہ اُستاد مصرع ثانی بسیار عمدہ دارد لیکن بخونِ جگر بہم رسانیدہ باشد وآں صاحب فوراً ارشاد کردند گفتم مصرع ثانی اُستاد ہم ارشاد شود تا حظے ببرم گفت ۔؎

چہ می پرسی ز من حالِ دلِ غمدیدہ‌ات چوں شد
دلم خوں گشت وخونم آب وآب از دیدہ بیروں شد

گفتم واقعی مصرعِ ثانی لاثانی ست گفت از مشق سابق خود کدام غزل فارسی بخوانید ایں غزل خواندم۔

ہر زماں وصلِ پری رخساری خواہد دلم	وصل می خواہد دل و دلداری خواہد دلم
تا ز اُستادِ محبت درس عشق آموختم	سنگِ طفلاں بر سر بازاری خواہد دلم
چشم زخمے بر جگر ہرگز ندارد آرزو	زخمہا زاں ابروِ خمداری خواہد دلم

تا ز رمزِ قصهٔ فرہاد و قیس آگاہ گشت — دشت خار و دامن کہساری می خواہدلم

شوخ گفت از ناز میخواہد دلت چنداں مرا — گفتمش اے دلربا بسیاری می خواہدلم

تا کہ آگہ از کمال زاہد و راہب شدم — رشتۂ از سبحہ وز ناری می خواہدلم

گرد خوں رنگیں دلم را مصرع اُستاد آہ

یاری می خواہد دلم چوں یاری می خواہد دلم

مجلس[۱۶] شانزدہم

در پرگنہ باول کہ مع ہشتاد و چار دِہ در جاگیر قبلہ گاہ صاحب بود وارد بودم و بر دختر قصاب آنجا بقول سعدی یعنی در ایام جوانی چنانکہ افتد دانی حالتِ عشق داشتم چوں بعد چندے وصل آں میسر آمد اصلاً شہوت نشد سبب اینکہ از پارچہائے آں بوئے بجیدی آمد کہ در نوشتن نمی آید ہر چند تردد کردم چیزے بہ عمل نیامد فی الفور ایں مطلع گفتم۔

ہست بد لِس کنم وکو کنم — لیر جی یار ہا ۔ مہد چوں کنم

مجلس[۱۷] ہفدہم

در کانوڑ برفاقت نواب نجف قلی خاں بودم نواب موصوف مرزا جعفر را بہ شاہجہان آباد رخصت فرمودند بندہ را مع دو صد سوار ہمراہ اوشاں نمودند چوں

به شهر ریواڑی رسید ندراجه آنجاکه مترسین نام داشت بکمال تیاری ضیافت کرد بعد

فراغت طعام صحبت رقص شد نواب مرزا جعفر فرمایش کردند که کدام غزل بخوانید رقاصه

این غزل نواب وزیر الممالک آصف الدوله خواند ؎

جہاں تیغ اُس کی علم دیکھتے ہیں وہاں اپنا سر ہم قلم دیکھتے ہیں

یکے از مصاحبان اوشان گفت که این مطلع محمد امان خان نثار درین زمین خوب ست ؎

جدھر بھر نظر یہ صنم دیکھتے ہیں اُدھر لاش پر لاش ہم دیکھتے ہیں

شخصے دیگر گفت که برین مطلع مرزا رفیع هم خوب ست ؎

گدا دست اہل کرم دیکھتے ہیں ہم اپنا ہی دم اور قدم دیکھتے ہیں

مطلع شخصے دیگر خواند ؎

تجھے نقش پہنے جو ہم دیکھتے ہیں تو دشمن کو زیر قدم دیکھتے ہیں

نواب موصوف به بنده فرمودند ایشان هم برین فکر نمایند عرض کردم که این وقت طبع

بطرف رقص مائل ست فرمودند عذر بیجا ست رقص را موقوف کنانیدند ناچار

این غزل نوشتم۔

رقیبوں سے اُسکو بہم دیکھتے ہیں یہ ظلم اپنی آنکھوں سے ہم دیکھتے ہیں

لگانے بھی دے ہاتھ ابرو کو اپنے ہم اس اصفہانی کا خم دیکھتے ہیں

نہیں ہم سے وہ دل رہا اب تمھارا وہ باتیں بہت اب تو کم دیکھتے ہیں

جو ملتا ہی اُس سبزہ خط سے ہم اُسکا قلم کی طرح سر قلم دیکھتے ہیں

بتوں کا ہمیں ظلم بھاتا ہے تا صبح　　ستم اُن سے گو دمبدم دیکھتے ہیں

جلو مت عبث تم بھلا پھر تمہیں کیا　　جو کچھ دیکھتے ہیں سو ہم دیکھتے ہیں

کبھی وصل کی شب کا تھا دید رنگیں

جن آنکھوں سے اب یہ ستم دیکھتے ہیں

مجلس سیزدہم

در لشکر نارنول نواب اسمعیل خاں بہادر فرود آمدہ بودند بندہ برفاقت او شامل بود روزے برادر محمد یار خاں و بندہ برائے سیر و زیارت درگاہ نظام الدین نارنولی سوار شدیم در راہ شخصے از برادر مذکور آشنائی داشت دو چار شد گفت کہ در اجمیر ذکر اوصاف شنیدہ مشتاق ملاقات بودم بہ حسب اتفاق ملاقات میسر آمد فرمایشے دارم کہ بجا آرید گفتم بچشم گفت کہ مصرع نواب آصف الدولہ شنیدم امید مصرع دگر دارم از کسے جا بہم نہ رسیدہ گفتم بخوانید گفت ع

نہ لگی آنکھ جب سے آنکھ لگی

بعد یک ساعت مصرع بہم رسانیدم ؎

اب کی کچھ اور ڈھب سے آنکھ لگی　　نہ لگی آنکھ جب سے آنکھ لگی

ایں را شنیدہ بسیار پسند کردہ اظہار نمود کہ چیزے از مشق قدیم باید خواند ایں چند مطلع کہ سر دست یاد بودند در عین رواروی بر زباں آوردم۔

جو نالہ رات کو لب سے نہ ہٹ گیا ہوتا　　تو ساتھ آہ کے سینہ بھی پھٹ گیا ہوتا

توجو کہتا ہے کہ گھر جائیں گے ہم　　تیرا کیا جائیگا مر جائینگے ہم

اے بتجھ بغیر مملکت دل اُجاڑ ہے　　چھاتی پہ رات ہجر کی کالا پہاڑ ہے

بینگی صحبت اُس سے کس طرح کچھ کہہ نہیں سکتے　　وہ ہرجائی ہے اور بن شغل ہم بھی رہ نہیں سکتے

بولنے کی شہر میں یاہم سے ؛ دہائی پھر گئی　　تیرے پھر جاتے ہی بس ساری خدائی پھر گئی

وہاں تو وہ گھر سے کم نکلتا ہے　　اور یہاں اپنا دم نکلتا ہے

آہ کیجے تو آن جاتی ہے　　جو نہ کیجے تو جان جاتی ہے

مجلس ۱۹ نوزدہم

در جے پور بحسب اتفاق بندہ و محمد یار بیگ سائل کہ بعد منعم تخلص میفرمودند نشستہ بودیم و صحبت شعر گرم بود بندہ این مطلع خواندہ

یوں سرشکِ مژہ اب شام و سحر جھڑتے ہیں　　شاخ پر میوے سے جس طرح ثمر جھڑتے ہیں

محمد یار بیگ سائل اظہار کردند کہ مضمون منست گفتم شعر خود بخوانید ایں شعر خواندند ؎

شاخ کو کوئی ہلاوے تو ثمر جھڑتے ہیں　　اپنی ہر جنبش مژگاں سے گہر جھڑتے ہیں

گفتم بندش شعر بندہ معقول ست سبب ایں کہ از ہر شاخ ثمر نمیریزد مگر ہر شاخ کہ پر میوہ باشد انصاف شرط ست ہرگاہ کہ قائل شدند مطابق آں ایں نقل روبروے اوشاں کردم کہ بندہ ایں شعر گفتہ بود ؎

مجھے جو اس پری رونے طلب گار اپنا جانا ہے　　جھڑک کر کیوں نہ بیچے اب خریدار اپنا جانا ہے

شخصے بہ بندہ گفت کہ ایں مضموں را انشاء اللہ خاں دانستہ ایں قسم بستہ اند ؎

دل کو رکھ کر پنجۂ مژگان تر پر بیچیے　　یعنی اپنا مال ہے اس کو جھڑک کر بیچیے

گفتم از بندش بندہ بندش اوشاں خوب ست سبب اینکہ برائے لفظ پاشیدن آب یعنی جھڑک لفظ پنجۂ مژگاں نیز بسیار مناسب بدست آمدہ است از حق نباید گذشت پس ضرور ست کہ از ہر کس مضمون بستہ شود مالک آں ہمانست خواہ توارد باشد خواہ اُستد

مجلس بستم

در حضرت اجمیر روزے نواب قدرۃ اللہ خاں پسر نواب قاسم خاں ایں مطلع شیخ سعدی را روبروے بندہ خواندند۔

سرو سیمینا بہ صحرا میروی　　نیک بدعہدی کہ بے ما میروی

از راه اختلاط گفتم که اگرچه بے ادبی ست لیکن حرف خوب بخاطر گذشته است۔

سرو سیمینا بہ گلشن می روی | نیک بد عہدی کہ بے من میروی

دراں مجلس مغل تازه ولایت که چنداں از ذائقہ شعر آگاہی نداشت واز شعر گفتن بنده نیز اطلاع نداشت گفت که امروز دریافت شد که آں صاحب شعرہم می گویند بارے کدام غزل فارسی از تصنیف خود بخوانید ایں غزل خواندم

دوست یکسو خود ز دشمن کیں نمیخواہیم ما | خاطرے از ما برنجد ایں نمیخواہیم ما

کوچۂ دلدار ما را بہر آسایش بس ست | کشور ایران و ملک چیں نمیخواہیم ما

مژده باد اے زاہد و راہب کہ از روز ازل | بندۂ عشقیم و کفر و دیں نمیخواہیم ما

رہروان منزل عشقیم و در ستے گردش | توسن گردون دوں را زیں نمیخواہیم ما

جامۂ عریانی ما فخر صوف و اطلس ست
زینت از بہر خود اے رنگیں نمیخواہیم ما

ایں را شنیده مجوز شد که غزل دیگر بخوانید ناچار بپاس خاطر یاراں چند شعر دیگر خواندیم

دل بلائیست کہ من میدانم | مبتلائیست کہ من میدانم

کس چہ داند کہ میانِ من و او | ماجرائیست کہ من میدانم

نقش آبست بنائے ہستی | ایں بنائیست کہ من میدانم

دلبرے عشوه گرے بے لکھے | نیز رائیست کہ من میدانم

در حق مغبچگاں پیر مغاں | پیشوائیست کہ من میدانم

چشم میگونش ادائے دارد   چہ ادائیست کہ من میدانم
نیست آسان گذر از دہر کہ ایں   تنگنائیست کہ من میدانم
خاکساری بجہاں اے رنگیں   کیمیائیست کہ من میدانم

مجلس بیست و یکم

درکابل شاہ جیجاہ تیمور شاہ در ۱۲۰۳ھ دوازدہ صد و سہ ہجری اسدیار خاں درانی را کہ مالک یک دستہ یعنی دوازدہ ہزار سوار بود و قابلیت و دانائی از حد زیادہ داشت ایلچی کردہ مع تحفہ و تحائف آنجا نزد پادشاہ عالم شاہ فرستاد خان موصوف بعد از ملازمت حضور سہ ماہ در شاہجہان آباد ماندہ رخصت کابل خواست پادشاہ والد بندہ را مع تحفجات ایں ملک ایلچی فرمودہ ہمراہ مشارالیہ رخصت فرمودند بندہ برادر محمد یار خاں و حق وردی خاں و خداوردی خاں نیز ہمراہ روانہ شدیم لیکن از حضور پادشاہ ارشاد شد کہ نزد وکیل مطلق یعنی پٹیل صاحب کہ از دو لاک سوار مہم راجپوتانہ درپیش وارو شدہ بروند و مہاراجہ پٹیل بہادر حکم حضور رسید کہ ما دولت طہماس بیگ خاں را نزد شاہ تیمور شاہ روانہ فرمودیم آنچہ از باب دیگر درکار داشتہ باشند سرانجام کردہ دہند ہرگاہ از شاہجہان آباد روانہ شدہ بہ نواح کوٹا بوندی رسیدیم تمام ملک از تاخت مرہٹاہا بے چراغ شدہ بود ہزارہا سوار مرہٹا قزاقی می کرد روزے اسد خاں بہ والد بندہ گفت کہ در راہ خطرہ بسیار است لازم کہ از راجہ ایں ملک مردم بطریق بدرقہ ہمراہ

بایدگرفت بندہ اظہار کرد کہ جمعیت مایاں ہم کم نیست احسان ناحق برداشتن
چہ ضرور خان موصوف برآمد سخن ایں شعر خواند۔

سبے پیر مرو تو در خرابات ہر چند سکندر زمانی

حاصل ازیں شعر یو دیعنی در راہ مخاطرہ بے بدرقہ رفتن از دانائی بعید ست بندہ گفت
کہ لفظ خرابات دریں مقام بے مصرف ست اگر ایں قسم بخوانند بہتر باشد۔

بے پیر مرو براہ ظلمات ہر چند سکندر زمانی

لفظ ظلمات ازیں سبب مناسب ست کہ ہر گاہ سکندر قصد ظلمات کرد فرمود کہ
مرد پیر ہمراہ نرود جوانے از پدر پیر خود عشق داشت پدر را در صندوق کردہ ہمراہ
